مستطیل کا رقبہ	لمبائی	چوڑائی	مثلث کا رقبہ = $\frac{1}{2}$ مستطیل کا رقبہ
24 مربع سینٹی میٹر	6 سینٹی میٹر	$4 = \frac{24}{6}$ سینٹی میٹر	$\frac{1}{2} \times 24 = 12$ سینٹی میٹر
		8 سینٹی میٹر	36 مربع سینٹی میٹر
50 مربع سینٹی میٹر	10 سینٹی میٹر		
		20 سینٹی میٹر	15 مربع سینٹی میٹر

15.4- متوازی الاضلاع کا رقبہ (Area of a Parallelogram)



(تصویر:15.9)

ایک کسان تصویر میں دی گئی شکل جیسا متوازی الاضلاع نما پلاٹ خریدتا ہے۔ اس کی چاروں طرف باڑ لگانے میں کتنا تار چاہیے، اس کی گنتی اس نے کر لی۔ لیکن کتنے مربع میٹر رقبہ یہ پلاٹ گھیرتا ہے۔ اس کا شمار اس نے نہیں کیا۔ آیئے ایسی شکلوں کے رقبہ کی گنتی کریں۔

گراف کاغذ پر ایک متوازی الاضلاع بنائیے جیسا کہ [شکل 15.10:(i)] میں دکھایا گیا ہے۔ اس متوازی الاضلاع کاٹئے۔ متوازی الاضلاع کے ایک راس سے اس کے متقابل ضلع پر ایک عمود کھینچے [شکل 15.10:(ii)]۔ اس مثلث کو کاٹ لیجیے اور اس مثلث کو متوازی الاضلاع کے دوسرے ضلع کے ساتھ رکھئے [شکل 15.10:(iii)]۔



آپ کیسی شکل
(تصویر:15.10)

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

اپنے ذریعہ حاصل شدہ کراس سیکشن کے رَف (Rough) شکل بنایئے۔ جہاں بھی ممکن ہو، اُن کے نام بھی لکھیے۔



(شکل:16.12)

خود کر کے دیکھیے:

آپ کو کون سا کراس سیکشن حاصل ہوتا ہے۔ جب آپ مندرجہ ذیل ٹھوسوں کو (i) عمودی طور سے اور (ii) اُفقی طور سے کاٹتے ہیں:

(الف)	ایک پاسا	(ب)	ایک گلاس
(ج)	ایک گیند	(د)	ایک سلائی کا ڈبہ
(ہ)	ایک ناشتہ باکس	(و)	ایک بیلن جیسا پائپ

16.5.2- سایہ دار کھیل کے طریقے

سایہ کی مدد سے سہ سمتی چیزوں کو دو سمتی شکلوں کی صورت میں دیکھا جا سکتا ہے۔

کیا آپ نے کبھی ایک سایہ دار کھیل دیکھا ہے؟ یہ ایک طرح کا تفریح ہے، جس میں ظاہری طور سے ٹھوس شکلوں کو روشنی کے سامنے رکھ کر ان کے متحرک عکس کے دھوکے پیدا کیے جاتے ہیں۔ اس میں ریاضی کے بنیادی تصورات بالواسطہ شکل میں استعمال ہوتا ہے۔



(شکل:16.13)

ایک مخروط کے ٹھیک سامنے ایک ٹارچ کی روشنی ڈالیے۔ یہ پردے پر کس طرح کا سایہ ظاہر کرتا ہے؟ (شکل:16.13)۔

ٹھوس سہ بعدی ہے۔ اس کے سایہ کی کتنی سمتیں ہیں؟ اگر آپ اس کھیل میں مخروط کی جگہ پر ایک گیند کو ٹارچ کے سامنے رکھیں، تو آپ کو کس طرح کا سایہ حاصل ہوگا؟

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

....

....

6- 20 سینٹی میٹر چوڑائی والے ایک مستطیل نما شیٹ کا رقبہ 600 مربع سینٹی میٹر ہے تو اس کا احاطہ معلوم کیجیے۔

7- 6 میٹر × 4 میٹر ناپ والی ایک دیوار میں 3 میٹر × 2 میٹر ناپ والے ایک دروازے کی ایک چوکھٹ لگایا جانا ہے۔ اگر ایک مربع میٹر دیوار پر پینٹ کرانے کا خرچ 3.50 روپیہ ہو تو پوری دیوار پر پینٹ کرانے کا خرچ معلوم کیجیے۔

8- ایک تار مستطیل کی ساخت کا ہے۔ اس کی لمبائی 50 میٹر اور چوڑائی 30 میٹر ہے۔ اگر اسی تار کو دوبارہ موڑ کر ایک مربع بنایا جاتا ہے تو ہر ایک ضلع کی ناپ کیا ہوگی؟ یہ بھی معلوم کیجیے کہ کس ساخت کا رقبہ زیادہ ہوگا؟

9- ایک مستطیل کا رقبہ ایک مربع کے رقبہ کے برابر ہے۔ اگر مستطیل کا رقبہ 3600 مربع سینٹی میٹر ہو تو مربع کا ضلع معلوم کیجیے۔

10- ایک مربع کا رقبہ معلوم کیجیے۔ جس کا گھیرا اس مستطیل کے گھیرے کے برابر ہے، لمبائی 60 میٹر ہے۔ اور لمبائی اس کی چوڑائی کی تین گنا ہے۔

11- چیتالی کے پاس 10×10 سینٹی میٹر کی ایک کارڈ شیٹ ہے۔ اس شیٹ سے شکل بنانے کے لیے وہ 5×5 سینٹی میٹر کی شیٹ کاٹنا چاہتی ہے۔

(تصویر: 15.6)

(i) بتائیے، شیٹ کاٹنے کے بعد بچی ہوئی کارڈ شیٹ کا رقبہ کتنا ہونا چاہیے؟

(ii) شیٹ کاٹنے کے بعد اسے لگا کہ اس نے بڑا مربع کاٹ لیا ہے۔ کیوں کہ اس کے پاس صرف 64 مربع سینٹی میٹر شیٹ ہی بچی۔ بتائیے اس نے کس ضلع کا مربع کاٹا؟

12- دیے گئے گریڈ پر 14 سینٹی میٹر احاطہ کو آپ جتنا چاہیں اتنا مستطیل بنائیں۔ بس ان کی لمبائی اور چوڑائی مکمل عدد میں ہو۔ مثال کے طور پر ایک مستطیل پہلے ہی بنایا گیا ہے۔

(i) اب ہر ایک مستطیل کا رقبہ پتا کیجیے اور اسے دیے گئے جدول میں لکھیے۔ مثال میں بنے ہوئے مستطیل کا رقبہ 10 مربع سینٹی میٹر ہے۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

سوالنامہ : 16.2

-1 ایک ہم فاصلہ نقطہ نما کاغذ کا استعمال کرتے ہوئے مندرجہ ذیل شکلوں میں سے ہر ایک کی ہم فاصلہ شکل بنائیے۔



(شکل: [(i)-(ii)] 16.10)

-2 کسی مکعب نما کی سمتیں 6 سینٹی میٹر، 4 سینٹی میٹر اور 3 سینٹی میٹر ہے۔ اس مکعب نما کے تین مختلف ہم فاصلہ شکل بنائیے۔

-3 3 سینٹی میٹر کنارے والے تین مکعبوں کو باہم نزدیک رکھتے ہوئے ایک کعب نما بنایا گیا ہے۔ اس کعب نما کی ایک غیر قائمہ یا ہم فاصلہ شکل بنائیے۔

-4 مندرجہ ذیل ہم فاصلہ شکلوں میں سے ہر ایک کے لیے ایک غیر قائمہ شکل بنائیے :





© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

∴ مستطیل کی لمبائی = 24 سینٹی میٹر، چوڑائی = ؟ (چونکہ اُسی تار کو موڑ کر مستطیل بناتے ہیں۔
اس لیے اس طرح کے مستطیل کا احاطہ بھی 80 سینٹی میٹر ہی ہوگا)۔
∵ مستطیل کا احاطہ = 2 (لمبائی + چوڑائی)

⇐ 80 سینٹی میٹر = 2 (24 سینٹی میٹر + چوڑائی) $\frac{80}{2}$ سینٹی میٹر = 24 سینٹی میٹر + چوڑائی

⇐ چوڑائی = 40 سینٹی میٹر - 24 سینٹی میٹر

⇐ چوڑائی = 16 سینٹی میٹر

پھر مستطیل نما تار کا رقبہ = لمبائی × چوڑائی = 24 سینٹی میٹر × 16 سینٹی میٹر = 384 سینٹی میٹر^2۔
اس لیے ظاہر ہے کہ تار سے بنے مربع کا رقبہ زیادہ ہوگا۔

سوالنامہ: 15.5

1- ایک مستطیل نما فریم کی لمبائی 15 سینٹی میٹر اور چوڑائی 10 سینٹی میٹر ہے تو اس کا احاطہ اور رقبہ معلوم کیجیے۔ اگر فریم کی چاروں طرف 12 روپیہ فی میٹر والی لیس لگانی ہے تو لیس کی قیمت بتائیے۔

2- ایک مستطیل نما چائے کے باغ کا احاطہ 100 میٹر ہے اور لمبائی 30 میٹر، تو چوڑائی معلوم کیجیے۔

3- ایک مربع میدان کا رقبہ 144 مربع میٹر ہے تو اس میدان کا احاطہ معلوم کیجیے۔

4- نیچے دیے گئے تصویروں میں سایہ دار حصہ کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(i) نیچے دی گئی تصویروں میں سایہ دار حصے کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(a)


....

....

....

(b)


....

....

....

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

1- سامنے کا پہل اور اُس کے مخالف پہل کی ناپ برابر ہے۔

2- مکعب کے کنارے جو برابر ہوتے ہیں، شکل میں بھی برابر نظر آتے ہیں۔ جب کہ ان کو برابر نہیں لیا گیا ہے۔

نوٹ: آپ ایسی شکل بھی بنا سکتے ہیں، جن میں ناپ (یا پیائش) دیئے ہوئے ٹھوس کے ناپوں کے مطابق (برابر) ہی ہو۔ ایسا کرنے کے لیے ہمیں ایک ایسے کاغذ کی ضرورت ہوگی، جسے ہم پیانہ یا ہم فاصلہ شیٹ (Isometric Sheet) یعنی یکساں دوریوں والی شیٹ کہتے ہیں۔

16.4.2- ہم فاصلہ شکل

کیا آپ نے ایک یکساں دوری والی نقطہ نما شیٹ دیکھی ہے؟ ایک نقطہ نما شیٹ نیچے دی جا رہی ہے۔

اس یکساں دوری والی نقطہ نما شیٹ میں پورا کاغذ (یعنی خود یہی شیٹ) نقطہ نما خطوں سے بنے چھوٹے چھوٹے زاویے مثلث مساوی الساقین (Equilateral) میں بٹ جاتا ہے۔ ایسی شکل بنانے کے لیے، جن کی ناپ دیئے گئے ٹھوس کی ناپوں کے مطابق ہو۔ ہم ان نقطہ نما ہم فاصلہ شیٹوں کا استعمال کر سکتے ہے۔



(شکل: 16.7)

آیئے ہم ایک ہم فاصلہ شیٹ پر ایسا کعب نما شکل بنانے کی کوشش کرتے ہیں، جس کی لمبائی 4 سینٹی میٹر، چوڑائی 2 سینٹی میٹر اور اونچائی 2 سینٹی میٹر ہے۔



(مرحلہ: 1)

سامنے کی سطح ظاہر کرنے کے لیے 4×2 ناپوں کا ایک مستطیل بنایئے۔



(مرحلہ: 2)

مستطیل کے چاروں کونوں سے لمبائی 2 اکائی والے 4 قطعہ خط کھینچیے۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

کاٹتی ہے (خاکہ :15.4)۔

کیا شیٹ کے باقی حصے کا احاطہ پہلے سے اور زیادہ ہو جائے گا یا کم ہو جائے گا؟

کیا شیٹ کا رقبہ پہلے سے اور زیادہ بڑھے گا یا کم ہوگا؟

اس لیے یہاں سے ہم کیا نتیجہ نکال سکتے ہیں؟

اس سے یہ ظاہر ہے کہ احاطہ کے بڑھائے جانے پر رقبہ کا بڑھنا ضروری نہیں ہے۔

خود کر کے دیکھئے:

1- مربع نما شیٹوں پر خاکہ :15.3 اور 15.4 جیسے الگ الگ خاکوں کو بنا کر اس کا احاطہ اور رقبہ معلوم کیجئے۔
کیا احاطہ بڑھنے پر رقبہ بھی بڑھتا ہے۔ بتائیے۔

2- ایسی دو مثالیں دیجئے (خاکہ بنا کر بھی بتائیے) جہاں احاطہ کے بڑھنے پر اس کا رقبہ بھی بڑھ جائے۔

3- دو ایسی مثالیں دیجئے (خاکہ بنا کر بھی بتائیے) جہاں احاطہ کے بڑھنے پر اس کے رقبہ میں بھی توسیع نہ ہو۔

مثال 1: ایک مربع کا رقبہ 121 مربع میٹر ہے۔ تو اس مربع کا احاطہ معلوم کیجئے۔

حل: ∵ مربع کا رقبہ = ضلع × ضلع = ضلع^2

∴ ضلع = $\sqrt{\text{مربع کا رقبہ}}$ اب مربع کا احاطہ = 4 × ضلع

$\sqrt{121 mtr.^2} = 11 mtr.$ = 4×11 میٹر = 44 میٹر (جواب)

مثال 2: 10 سینٹی میٹر چوڑائی والے ایک مستطیل نما لوہے کی شیٹ کا رقبہ 400 مربع سینٹی میٹر ہے تو اس کا احاطہ معلوم کیجئے:

حل: چوڑائی = 10 سینٹی میٹر رقبہ = 400 مربع سینٹی میٹر

∵ مستطیل نما شیٹ کا رقبہ = لمبائی × چوڑائی

400 سینٹی میٹر = لمبائی × 10 سینٹی میٹر

$\frac{400}{10} = 40$ cm. سینٹی میٹر = لمبائی

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)



4- دی گئی بناوٹ ایک ڈائس کی جال واضح کرتی ہے۔ سطح پر نشانزد x, y اور z کی اعدادی قیمت کیا ہوگی؟

5- ان جالوں کو پہچانئے، جن کا استعمال ایک مکعب بنانے کے لیے کیا جا سکتا ہے؟

(a)


(b)


(c)


(d)


(e)


(f)


16.4- ایک سپاٹ کاغذ پر ٹھوس کو کھینچنا

جب آپ سپاٹ کاغذ پر ایک ٹھوس شکل کو کھینچتے ہیں، تو خانوں کو کچھ ٹیڑھا کر دیا جاتا ہے۔ تاکہ یہ سہ سمتی دکھائی دے۔ یہ ایک نظر کا دھوکا ہے۔ یہاں دو تکنیک کے ذریعہ شکلوں کی تصویری نمائش کی جا رہی ہے۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

باب :15

احاطہ اور رقبہ (Perimetre & Area)

15.1- تمہید :

آپ نے میز، کتاب کے اوراق، دروازے اور کھڑکی کے پلّے، چکلے، کمرے کے فرش، بلیک بورڈ، بینچ وغیرہ کو دیکھا ہے۔ ان کی چاروں طرف کے کناروں کو ناپئے۔ ان کی چاروں طرف کے کناروں کی لمبائی کے کل ناپ کو احاطہ یا محیط کہتے ہیں۔ ان چیزوں کے ذریعہ کسی سطح کے گھیرے گئے حصے کو اس کا رقبہ کہتے ہیں۔ آیئے کچھ سطح کے خاکوں کا احاطہ اور رقبہ کے بارے میں تذکرہ کریں۔

15.2- اعادہ

(تصویر:)15.1



نہال کے پاس 3 سینٹی میٹر ضلع والے بہت سے کالے اور سفید مربع ہیں۔ وہ مربعوں کو لکڑی کے بورڈ کو چپکا کر ایک شطرنج بورڈ بنانا چاہتا ہے۔

شطرنج بورڈ بنانے کے لیے کتنے سارے اور کالے مربعوں کی ضرورت ہوگی۔ ان مربعوں سے شطرنج بورڈ بنانے کے لیے کتنے بڑے لکڑی کے بورڈ کی ضرورت ہوگی؟ اس بورڈ کی لمبائی اور چوڑائی کیا ہوگی؟ اگر نہال اس شطرنج بورڈ کی چاروں طرف 3 سینٹی میٹر چوڑا فریم بھی لگا دے تو شطرنج بورڈ کی کتنی جگہ گھیرے گا۔

چونکہ ایک شطرنج بورڈ میں 64 خانے ہوتے ہیں۔ اور برابر تعداد میں کالے اور سفید خانے ہوتے ہیں۔ اس لیے 32-32 بالترتیب کالے اور سفید خانے ہوں گے۔ پھر اگر ہر ایک خانہ ایک مربع سینٹی میٹر کا ہے تو اسے 64 مربع سینٹی میٹر بڑے بورڈ کی ضرورت ہوگی۔ ہم نے چھٹی جماعت میں رقبہ کے بارے میں پڑھا ہے۔ اس لیے 64 مربع سینٹی میٹر رقبہ والے بورڈ کا ضلع 8 سینٹی میٹر ہے۔

شطرنج بورڈ کتنی جگہ گھیرے گا، اس کے لیے ہمیں رقبہ معلوم کرنا ہوگا اور فریم کی لمبائی جاننے کے لیے احاطہ

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

بیلن کا جال: درج ذیل شکل بیلن کی جال بناتی ہے:



مخروطی جال: درج ذیل شکل مخروطی جال بناتی ہے:



پیرامیڈ کے جال: درج ذیل شکل پیرامیڈ کے جال بناتی ہے۔ اس پیرامیڈ کی بنیاد ایک مربع ہے اور چاروں ضلع پر مثلث بنے ہوئے ہیں۔ کیا آپ دیئے جال سے اس پیرامیڈ کو بنا سکتے ہیں؟





(خاکہ:16.4)

اس طرح ہم نے دیکھا کہ مختلف شکلوں کے لیے مختلف جال ہوتے ہیں۔ ہم نے یہ بھی سیکھا کہ ان جالوں کو مندرجہ بالا صورتوں سے موڑ کر اور چپکا کر چیزوں کی صحیح سہ سمتی شکل حاصل کر سکتے ہیں۔

مثال: 1 ڈائس (Dice) ایسے مکعب ہوتے ہیں، جن کی ہر سطح پر نقطہ (Dots) درج ہوتے ہیں۔ ایک ڈائس کی مخالف یا آمنے سامنے کی سطح پر درج نقطوں کے اعداد کی جمع ہمیشہ 7 ہوتا ہے۔ یہاں ڈائس (مکعبوں) کو بنانے کے لیے دو جال دیئے جا رہے ہیں۔ ہر ایک مربع میں لکھے عدد اس باکس کے نقطوں کو ظاہر کرتی ہے۔



یہ یاد رکھتے ہوئے کہ ڈائس کے آمنے سامنے کی سطحوں کے اعداد کی جمع ہمیشہ 7 ہوتا ہے۔ خالی جگہوں پر مندرجہ بالا اعداد لکھیے۔

حل:



© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

14.4- خطی تشاکل اور تشاکل محوری یا گردشی میں تعلق

مختلف قسم کی شکلوں اور تشاکل کو ہم دیکھتے آرہے ہیں۔ کچھ شکلوں میں خطی تشاکل تو کچھ میں محوری تشاکل تو کچھ میں خطی اور گردش دونوں طرح کی تشاکل ہوتے ہیں۔





دائرہ میں لامحدور طور سے محوری تشاکل اور خطی تشاکل ہیں۔ مرکز کے چاروں طرف جہاں ہر ایک زاویہ کے لیے ایک گردشی تشاکل ہے اور ہر ایک قطر ایک خطی تشاکل ہے۔

اور مربع میں خطی و گردشی دونوں طرح کی تشاکل ہیں۔

اس طرح خطی اور گردشی تشاکل میں ہم تعلق ظاہر کر سکتے ہیں۔

سوالنامہ: 14.2

1- نیچے دیئے گئے خاکوں میں سے کن میں گردشی تشاکل کی ترتیب ایک سے زاید ہے۔



(i) (ii) (iii) (iv) (v)

2- دو ویسے خاکوں کے نام بتایئے جس میں خطی تشاکل اور ترتیب ایک سے زاید کی گردشی تشاکل دونوں ہی ہیں۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

نیچے کچھ سہ بُعدی شکلوں کی بناوٹوں پر غور کیجئے:



16.2- سطح، کنارہ اور راس



(خاکہ:16.2)

یہاں ایک مکعب دکھایا گیا ہے۔ کعب نما کے ڈھانچے کو بنانے والے 12 قطعہ خط اس کے کنارے(Edges) کہلاتے ہیں۔ کعب نما کے 8 کونے اس کے راس(Verten) ہیں۔ 6 سپاٹ مستطیل نما سطح جو مکعب نما کا سرپوش ہے، اس کی سطح(Faces) کہلاتے ہیں۔

خود کر کے دیکھئے: درج ذیل جدول کو پورا کیجئے:

ٹھوس شکل (Solid Shape)	مکعب (Cube)	مکعب نما (Cubiod)	بیلن (Cylinder)	مخروط (Cone)	گولا (Shape)	پیرامیڈ (Prism)
						
سطح (Faces)	6	6	3	2	1	5
کنارا(Edges)	12	–	2	1	–	–
کونا(Vertices)	–	8	–	1	–	–

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

سوچیے! سائیکل کا پہیہ گھڑی کی سوئیاں جیسی چیزیں گردش کرتی ہیں۔ تو کیا ان کی بناوٹ اور پیائش میں کوئی تبدیلی ہوتی ہے؟ نہیں۔ بناوٹ اور پیائش میں تبدیلی ہوئے بغیر چیزیں ایک متعینہ نقطہ کی چاروں طرف گردش کرتی ہے۔ یہ متعینہ گردش کا مرکز کہلاتا ہے۔ گردش کے دوران گھومے گئے زاویے کو گردشی زاویہ کہتے ہیں۔ نیچے گھڑی میں گھنٹے کی سوئی کے ذریعہ مرکز پر منٹ کی سوئی کے ساتھ بننے والے زاویے کو دکھایا گیا ہے:

گھڑی کی حالت					
وقت	12 بجے رات	9 بجے	3 بجے	6 بجے	12 بجے
دونوں سوئیوں کے بیچ کا زاویہ اور ترتیب	0°	90° ترتیب: 1	180° ترتیب: 2	270° ترتیب: 3	360° ترتیب: 4

ہم دیکھتے ہیں کہ 12 بجے دوپہر سے 12 بجے رات کے درمیان گھڑی کی سوئیوں کے بیچ کی حالت برابر ہے۔ اور دونوں صورت حال متشاکل شکلیں بناتی ہیں۔ اسے محوری یا گردشی تشاکل کہتے ہیں۔ گھڑی میں گھنٹے کی سوئی ایک پورے چکر میں چار چار حالتوں میں دکھائی گئی ہے۔ °90، °180، °270 اور °360 کے زاویوں پر گھمانے یا گردش کرنے کے بعد وہ پھر پہلے جیسی دکھائی دینے لگتی ہے۔ اس لیے ہم کہتے ہیں کہ گھڑی میں محوری تشاکل ہے۔

گردش کی کچھ مثالیں:

مثلث متساوی الاضلاع (Equilateral Triangle) کے لیے گھڑی کی سمت میں ایک پورے چکر میں مثلث تین بار اپنی ابتدائی حالت میں آتا ہے، اسے تین ترتیب کا گردش کہتے ہیں۔ چونکہ مثلث (Triangle) اپنی ابتدائی حالت سے °120 گھومنے کے بعد پھر اپنی پہلے والی حالت میں آجاتا ہے۔ اس لیے اس کا گردشی زاویہ °120 ہے۔



120° گردش   120° گردش   120° گردش   120° گردش

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

= $\frac{1}{2}$ × قاعدہ × اونچائی

5- ایک دائرہ نما حلقہ کی چاروں جانب کی دوری، اس کا محیط کہلاتا ہے۔

6- دائرہ کا محیط = πd = $2\pi r$ جہاں d = قطر، r = نصف قطر اور π = $\frac{22}{7}$ یا 3.14 (تقریباً) ہے۔

7- ایک دائرہ کا رقبہ = πr^2 جہاں r = دائرہ کا نصف قطر ہے۔

8- جس طرح لمبائی کی اکائیوں کو بدلتے ہیں اس طرح رقبوں کی اکائیوں کو بھی بدلا جا سکتا ہے۔

1 سینٹی میٹر^2 = 100 ملی میٹر^2

1 میٹر = 10000 سینٹی میٹر^2

1 ہیکٹیئر = 10000 میٹر^2

9- رقبہ اور احاطہ کے استعمال پر بحث کیا۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

کچھ کریں:



چار کونے والا سفید کاغذ لیجئے۔ اُسے، پیش نظر تصویر کے مطابق بیچ سے موڑیئے۔ اب کاغذ میں ایک سوراخ کیجئے۔ پھر کاغذ کو کھولئے۔ کاغذ کا موڑ خط تشاکل (Linear Symmetry) ہے۔ اور کاغذ میں بنا سوراخ تشاکلی شکل کی صورت میں ہے۔ آیئے اس طرح بنے دوسرے سوراخ کی ہوئی شکلوں میں تشاکل خط تلاش کرنے کی کوشش کریں:

(تصویر:145)



سوالنامہ: 14.1

1- نیچے دیئے گئے خاکوں میں جو خطی نقطہ دکھایا گیا ہے، وہ اُس شکل کی خط تشاکل ہے یا نہیں، بتایئے:



2- نیچے دیئے گئے خاکوں میں خط تشاکل کھینچئے:



© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

$\frac{-18}{10}$ ہے تو $\frac{-9}{5} = \frac{-18 \div 2}{10 \div 2} = \frac{-18}{10}$ عدد $\frac{-9}{5}$ کا ایک مساوی قابل پیائش عدد ہے۔ ساتھ ہی $\frac{-9}{5}$

عدد $\frac{-18}{10}$ کا مساوی قابل پیائش عدد ہے۔

-8 عدد 0 نہ تو مثبت قابل پیائش ہے اور نہ ہی ایک منفی قابل پیائش عدد۔

-9 ایک قابل پیائش عدد کو اپنے معیاری شکل (آسان شکل) یا Standard Form میں تب مانا جاتا ہے۔
جب اس کا نسب نما مثبت عدد صحیح ہو اور شمار کنندہ اور نسب نما میں کوئی مشترک اجزائے ضربی نہ ہو، جیسے :
$\frac{-5}{4}$، $\frac{2}{7}$ وغیرہ معیاری شکل میں ہے۔

-10 دو قابل پیائش اعداد کے بیچ لا محدود قابل پیائش اعداد ہوتے ہیں۔

-11 دو قابل پیائش اعداد کے بیچ کے قابل پیائش عدد نکالنے کے طریقے کو سیکھا۔

-12 یکساں نسب نما والے دو قابل پیائش اعداد کا جمع معلوم کرنے کے لیے ان کے شمار کنندہ کو جوڑا جاتا ہے اور نسب نما وہی رکھ کر حاصل جمع معلوم کیا جاتا ہے۔ مختلف نسب نماؤں والے دو قابل پیائش اعداد کو جوڑنے کے لیے پہلے دونوں نسب نما کا مشترک ذو اضعاف اقل معلوم کیا جاتا ہے اور پھر دونوں قابل پیائش اعداد کو مشترک ذو اضاف اقل کے برابر یکساں نسب نما والے دو مساوی قابل پیائش اعداد میں بدل کر جوڑ لیا جاتا ہے۔ جیسے : $\frac{-5}{2}+\frac{7}{4}=\frac{-10}{4}+\frac{7}{4}=\frac{10+7}{4}=\frac{-4}{4}=-1$ ہے۔ یہاں 2 اور 4 کا ذو اضعاف اقل = 4 ہے۔

-13 دو قابل پیائش اعداد کا گھٹاؤ کرنے کے لیے ہم گھٹائے جانے والے قابل پیائش عدد کے جمعی معکوس کو دوسرے قابل پیائش عدد میں جوڑتے ہیں۔ جیسے :

$$\frac{6}{7}-\frac{5}{14}=\frac{6}{7}+\left(\frac{-5}{14}\right)=\frac{12+(-5)}{14}=\frac{7}{14}=\frac{1}{2}$$

-14 دو قابل پیائش اعداد کا ضرب کرنے کے لیے شمار کنندہ کو شمار کنندہ کے ساتھ اور نسب نما کو نسب نما کے ساتھ ضرب کر کے مطلوبہ حاصل ضرب = $\frac{\text{شمار کنندہ کا حاصل ضرب}}{\text{نسب نما کا حاصل ضرب}}$ حاصل کر لیتے ہیں۔ جیسے :

$$\frac{-5}{4}\times\frac{-2}{3}=\frac{-5\times-2}{4\times3}=\frac{-10}{12}=\frac{-5}{6}$$

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

باب: 14

تشاکل (Symmetry)

تمہید:

اپنے آس پاس ہم بہت ساری چیزوں کو دیکھتے ہیں۔ ان چیزوں میں بھی ہمیں جومیٹری دکھائی پڑتی ہے۔ کیوں کہ ان میں کوئی نہ کوئی متوازی نسبت ہم دیکھ پاتے ہیں۔ دکھائی پڑنے والے کچھ خاکے آپ تصویر نمبر: 14.1 میں دیکھیے:



(تصویر: 14.1)

ان خاکوں کے درمیان کھینچی گئی خط کے مطابق موڑا جائے یا کاٹا جائے تو دونوں حصے ایک دوسرے کو پوری طرح سے ڈھک لیتے ہیں۔ ان خاکوں کو متشاکل (Symmetrical) شکل کہتے ہیں۔ متشاکل شکلوں اور تشاکل کے بارے میں پچھلی جماعت میں ہم نے سمجھا ہے۔ اس باب میں ہم منعکس تشاکل اور گردش تشاکل کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

14.1- خطی تشاکل (Line of Symmetry) خط تشاکل (Linear-Symmetry)

تصویر: 14.1 میں آپ نے تشاکلت دیکھی، یہ خط تشاکل ہے۔ ان شکلوں میں ایک ایسا خط مستقیم ہے، جس کے مطابق شکلوں کو موڑنے سے شکلوں کے دونوں حصے متفق (Coin Cident) ہو جاتے ہیں۔

کچھ کریں: نیچے بنی تصویروں میں محور تشاکل (Axis of Symmetry) کھینچیے:



© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

باب: 13

اقلیدسی شکلوں کی تشکیل یا بناوٹ

تمہید:

ابھی تک آپ مختلف شکلوں اور ساختوں سے متعارف ہوئے ہیں۔ کچھ شکلوں کی تشکیل یا بناوٹ جن میں قطعہ خط بنانا اور انھیں دو برابر حصوں میں بانٹنا، عمودی خط کھینچنا زاویہ بنانا۔ زاویوں کو دوحصوں میں بانٹنا اور دائرہ وغیرہ کی تشکیل کرنا آپ اس کی معلومات اچھی طرح سمجھ چکے ہیں۔ اس باب میں ہم ایک خط کے متوازی خط کھینچنے اور مختلف مثلثوں کی تشکیل پرکار اور اسکیل کی مدد سے کرنا سیکھیں گے۔

13.1- دیئے گئے خط کے باہر واقع کسی نقطہ سے اس خط کے متوازی دوسرا خط کھینچنا۔

$\overline{AB}$ ایک سہل خط ہے۔ اس سہل خط $\overline{AB}$ سے باہر واقع ایک نقطہ P دیا ہے۔ اب اسی P نقطہ سے گزرتے $\overline{AB}$ کے متوازی ایک سہل خط کھینچنا ہے۔

تشکیلی مراحل



(تصویر: 13.1)

مراحل: 1 خط $\overline{AB}$ پر کوئی نقطہ Q لیجیے اور اسے p سے ملایئے۔

مراحل: 2 نقطہ Q کو مرکز مان کر کسی بھی نصف کا قطر خط $\overline{AB}$ کو جہاں کاٹتا ہے اسے C اور $\overline{PQ}$ کو جہاں کاٹے اسے D نام دیجئے۔



(تصویر: 13.2)



(تصویر: 13.3)

مراحل: 3 اب P نقطہ کو مرکز تسلیم کرتے ہوئے اُسی نصف کا ایک قوس EF کھینچئے۔ یہ قوس PQ کو جس نقطہ پر کاٹتا ہے اُسے G نام دیجئے۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

سوالنامہ: 13.2

1- ایک مثلث ABC کی تشکیل کریں، جس میں ضلع $AB = 3$ سینٹی میٹر، ضلع $BC = 4$ سینٹی میٹر اور ضلع $AC = 5$ سینٹی میٹر ہو۔

2- ایک مثلث ABC کی تشکیل کیجیے، جس میں ضلع $BC = AC = 5$ سینٹی میٹر اور $AB = 6$ سینٹی میٹر ہو۔

3- ایک مثلث کی تشکیل کیجیے، جس کے تینوں اضلاع 5.5 سینٹی میٹر ہو۔

4- ایک مثلث PQR کی تشکیل کیجیے، جس میں $\angle R = 30^\circ$، ضلع $QR = 4$ سینٹی میٹر اور $RP = 5$ سینٹی میٹر ہو۔

5- ABC مثلث کی تشکیل کیجیے، جس میں ضلع $AB = AC = 6$ سینٹی میٹر ہو اور $\angle BAC = 60^\circ$ ہو۔

6- ایک مثلث کی تشکیل کیجیے، جس کے دو اضلاع بالترتیب 7 سینٹی میٹر اور 5 سینٹی میٹر ہو اور ان کے بیچ کا زاویہ 120° ہو۔

7- مثلث ABC کی تشکیل کیجیے، جس میں $\angle B = \angle C = 40^\circ$ اور ضلع $BC = 8$ سینٹی میٹر ہو۔

8- مثلث PQR کی تشکیل کیجیے، جس میں $\angle P = 40^\circ, \angle Q = 60^\circ$ اور ضلع $PQ = 7$ سینٹی میٹر ہو۔

9- مثلث XYZ کی تشکیل کیجیے، جہاں $\angle X = 30^\circ, \angle Y = 40^\circ$ اور ضلع $XY = 7$ سینٹی میٹر ہو۔

10- مثلث ABC کی تشکیل کیجیے، جس کے ضلع $BC = 6$ سینٹی میٹر اور زاویہ $B = 60^\circ$ ، $\angle C = 60^\circ$ ہو۔

11- مثلث DEF کی تشکیل کیجیے، جس میں $\angle D = 45^\circ, \angle F = 45^\circ$ اور $DF = 10$ سینٹی میٹر ہو۔

12- ایک ایسے زاویۂ قائمہ مثلث کی تشکیل کیجیے، جس کا وتر 5 سینٹی میٹر اور زاویۂ قائمہ بنانے والے دو اضلاع میں سے ایک کی لمبائی 4 سینٹی میٹر ہو۔

13- زاویۂ قائمہ مثلث PQR □ بنائیے، جس میں وتر $PQ = 10$ سینٹی میٹر، $QR = 6$ سینٹی میٹر ہو۔

14- زاویۂ قائمہ مثلث ABC □ کی تشکیل کیجیے، جس میں زاویۂ قائمہ بنانے والے دونوں ضلع کی لمبائی بالترتیب 6 سینٹی میٹر اور 8 سینٹی میٹر ہو۔

15- ایک متساوی الساقین مثلث زاویۂ قائمہ کی تشکیل کیجیے، جس میں یکساں اضلاع کی لمبائی 6 سینٹی میٹر ہو۔

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

وضاحت میں ہم انھیں پابندیوں کے ساتھ مثلث کی تشکیل کریں گے۔ پہلے ایک بار انھیں پھر یاد کر لیجیے:

(i) مثلث کی تینوں اضلاع کی لمبائی (SSS شرط)

(ii) دو ضلع کی لمبائی اور ان کے بیچ کا زاویہ (SAS شرط)

(iii) ایک ضلع اور اس پر بننے والے دونوں زاویے (ASA شرط)

(iv) زاویۂ قائمہ مثلث میں وتر (دو ہندسہ) اور کوئی دوسرا ایک ضلع (RHS شرط)

ہم نے یہ بھی دیکھا تھا کہ ان شرطوں کے علاوہ دوسرے شرطوں میں ایک اور صرف ایک متماثل مثلث نہیں بنایا جا سکتا۔ آیئے انھیں تصویروں کی بنیاد پر مثلث کی تشکیل کریں:

13.2.1- ایک مثلث کی تشکیل جب تینوں اضلاع کی لمبائیاں دی گئی ہوں۔ (SSS شرط)



(تصویر: 13.6)

مثال: 1 ایک مثلث XYZ کی تشکیل کیجیے، جس میں $XY = 4$ سینٹی میٹر، $YZ = 6$ سینٹی میٹر، اور $XZ = 7$ سینٹی میٹر دیا ہو۔

حل: **مرحلہ -1** : پہلے ہم دی گئی ناپوں کے قاعدے پر ایک رَف شکل کھینچتے ہیں۔

مرحلہ -2 : 6 سینٹی میٹر لمبائی کا ایک قطعہ خط کھینچیے۔



(تصویر: 13.7)

مرحلہ -3 : چونکہ رَف شکل میں XY سے 4 سینٹی میٹر دور ہے۔ اس لیے Y کو مرکز مان کر 4 سینٹی میٹر نصف قطر کا قوس کھینچیے۔ X نقطہ اسی قوس پر کہیں واقع ہوگا۔ X نقطہ قوس پر کہاں واقع ہے۔ اس کا پتا لگانے کے لیے اگلے مرحلے کی طرف بڑھیں گے۔



(تصویر: 13.8)

مرحلہ -4 : X نقطہ اس قوس پر کہاں ہے۔ اس کو پتا کرنے کے لیے Z کو مرکز مان کر 7 سینٹی میٹر کا قوس کھینچیے۔ (کیوں کہ نقطہ X، Z سے 7 سینٹی میٹر دور ہے) جو پہلے بنے قوس کو ایک نقطہ پر کاٹے گا، یہی X نقطہ ہے۔



(تصویر: 13.9)

© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)

13.2.3- مثلث کی تشکیل جب اُس کے دو زاویے اور ان کے بیچ کے ضلع کی ناپ دی گئی ہے۔ (ASA شرط)

مثال۔3: ایک مثلث PQR کی تشکیل کیجئے، جہاں $\overline{PQ} = 7$ سینٹی میٹر، $\angle P = 45°$ اور $\angle Q = 75°$ ہو۔



(تصویر:13.16)

مثلث PQR کی تشکیل کے حسب ذیل مرحلے ہو سکتے ہیں:

مرحلہ-1 : ایک رَف شکل بنائیں گے۔

(تصویر:13.17)

مرحلہ-2 : 7 سینٹی میٹر کی لمبائی کا ایک قطعہ خط $\overline{PQ}$ کھینچئے۔



(تصویر:13.18)

مرحلہ-3 : قطعہ خط PQ کے P نقطہ پر $45°$ کا زاویہ بنایئے۔
زاویہ بنانے والے شعاع $\overrightarrow{PX}$ پر ہی نقطہ R ہوگا۔



(تصویر:13.19)

مرحلہ-4 : قطعہ خط PQ کے Q نقطہ پر $75°$ کا زاویہ بنایئے۔ زاویہ بنانے والے $\overrightarrow{PY}$ شعاع پر ہی نقطہ R واقع ہوگا۔

مرحلہ-5 : R نقطہ زاویہ بنانے والے دونوں شعاعوں پر واقع ہے یعنی ان کے منقطع نقطہ پر واقع ہے۔ منقطع یا کاٹنے والے نقطہ حاصل کرنے کے لیے $\overrightarrow{PX}$ اور $\overrightarrow{PY}$ کو ضرورت کے مطابق بڑھایئے۔
ان کا منقطع کرنے والا نقطہ ہی R ہے۔ اس طرح مطلوبہ مثلث PQR کی تشکیل ہوئی۔

(تصویر:13.20)



© copyright reserved to BSTBPC, Government of BIHAR (www.bstbpc.gov.in).
Publishing web/app/books will be a crime. Published by Abdiel Solutions (www.absol.in)